بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس لأھل السنة باکستان

پرچہ نمبر ۱

عامہ سال اول

الشھادة العامة فی العلوم العربیة والاسلامیة (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ ھجری/ ۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | پہلا پرچہ: ترجمہ قرآن و تجوید | کل نمبر: 100

نوٹ:۔ القسم الاول کے دونوں سوال لازمی ہیں جب کہ القسم الثانی سے کوئی دو سوال حل کریں

القسم الاول ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قرآن مجید (ترجمہ)

سوال نمبر 1: درج ذیل آیات مبارکہ میں سے کسی چھ (6) کا اردو ترجمہ تحریر کریں

۱۔ یَاَیُّھَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ۔ (۱۰)

۲۔ فَقُلْنَا اضْرِبُوْہُ بِبَعْضِھَا کَذٰلِکَ یُحْیِ اللّٰہُ الْمَوْتٰی وَیُرِیْکُمْ اٰیٰتِہٖ لَعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ (۱۰)

۳۔ اَوَ کُلَّمَا عٰھَدُوْا عَھْدًا نَّبَذَہٗ فَرِیْقٌ مِّنْھُمْ بَلْ اَکْثَرُھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ۔ (۱۰)

۴۔ تِلْکَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَھَا مَا کَسَبَتْ وَ لَکُمْ مَّا کَسَبْتُمْ وَ لَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ۔ (۱۰)

۵۔ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَ اَصْلَحُوْا وَ بَیَّنُوْا فَاُولٰٓئِکَ اَتُوْبُ عَلَیْھِمْ وَ اَنَا التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔ (۱۰)

۶۔ لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِکُمْ وَ لٰکِنْ یُّؤَاخِذُکُمْ بِمَا کَسَبَتْ قُلُوْبُکُمْ وَ اللّٰہُ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ۔ (۱۰)

۷۔ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗٓ اَضْعَافًا کَثِیْرَةً وَ اللّٰہُ یَقْبِضُ وَ یَبْصُطُ وَ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ۔ (۱۰)

۸۔ وَ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُہٗ وَ مَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ۔ (۱۰)

۹۔ شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَ الْمَلٰٓئِکَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ (۱۰)

۱۰۔ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرٰھِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ وَ ھٰذَا النَّبِیُّ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ اللّٰہُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ (۱۰)

سوال نمبر 2: درج ذیل الفاظ قرآنیہ میں سے دس کے معانی تحریر کریں؟ (۱۰)

۱۔ رَغَدًا ۲۔ بَقْلِھَا ۳۔ فُوْمِھَا ۴۔ غُلْفٌ ۵۔ جَنَفًا ۶۔ نُسُکٍ ۷۔ خُلَّةٌ ۸۔ وَابِلٌ ۹۔ صَلْدًا ۱۰۔ قِنْطَارٌ ۱۱۔ طَوْعًا ۱۲۔ اِمْرِیٴٌ ۱۳۔ اِلْحَافًا ۱۴۔ حَنِیْفًا۔

القسم الثانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تجوید

سوال نمبر 3: درج ذیل حروف کے مخارج اور صفات تحریر کریں (۱۵)

ش ط ع ق ل

سوال نمبر 4: (۱) نون ساکن اور تنوین کا فرق تحریر کریں اور مثالوں سے واضح کریں (۱۰)

(۲) کیفیت تلاوت کے کتنے طریقے ہیں تحریر کریں (۵)

سوال نمبر 5: (۱) مدلازم کی اقسام کی تعریف بمع امثلہ تحریر کریں (۸)

(۲) محل وقف کے اعتبار سے وقف کی کتنی قسمیں ہیں تحریر کریں (۷)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس لأهل السنة باكستان

پرچہ نمبر 2

عامہ سال اول

الشهادة العامة فی العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ | کل نمبر: 100

نوٹ: تمام سوالات حل کریں

حصہ اول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عقائد

سوال نمبر 1 درج ذیل میں سے چار اجزاء کا جواب تحریر کریں (۲۰)

(i) اللہ تعالیٰ کی توحید وکمالات پر نوٹ لکھیں (ii) خدا تعالیٰ کی توحید وکمالات پر نوٹ لکھیں

(iii) نبی کی تعریف تحریر کریں (iv) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاص خاص فضیلتیں وکمالات بیان کریں

(v) اللہ تعالیٰ کی کتابیں کتنی اور کون کونسی ہیں اور وہ کس کس نبی پر نازل ہوئیں

سوال نمبر 2 درج ذیل میں سے چار اجزاء کے جوابات تحریر کریں (۲۰)

(i) فرشتوں پر نوٹ تحریر کریں (ii) کس وقت ایمان لانا بے کار ہے؟

(iii) منکر نکیر کیسے اور کب آتے ہیں اور کیا سوال کرتے ہیں؟ (iv) دجال کی صفت اور اس کے کرتب بیان کریں

(v) جنت کی صفات بیان کریں

حصہ دوم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فقہ

سوال نمبر 3 درج ذیل میں سے چار اجزاء کے جوابات تحریر کریں (۲۰)

(i) نماز کی شرطیں تحریر کریں (ii) وضو کا طریقہ تفصیلاً تحریر کریں (iii) غسل کا طریقہ تفصیلاً تحریر کریں

(iv) بہتے ہوئے پانی کی تعریف واحکام بیان کریں (v) نجاست غلیظہ کیا کیا چیز ہیں؟

سوال نمبر 4 درج ذیل میں سے چار اجزاء کے جوابات تحریر کریں (۲۰)

(i) تیمم کی شرائط اور اس کا طریقہ تحریر کریں (ii) نماز کے فرائض تحریر کریں (iii) سجدہ تلاوت کا مسنون طریقہ تحریر کریں

(iv) وہ کون کونسی نمازیں ہیں جن کیلئے جماعت شرط ہے (v) مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی دعائیں اور دعائے قنوت تحریر کریں

سوال نمبر 5 درج ذیل میں سے دس سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں (۲۰)

۱۔ ایمان کیا ہے؟ ۲۔ رسول کا معنی تحریر کریں ۳۔ کیا روح مرتی ہے ۴۔ عذاب وثواب بدن اور روح میں سے کس چیز پر ہوتا ہے

۵۔ امام مہدی کا ظہور کس جگہ ہوگا ۶۔ مقام محمود سے کیا مراد ہے ۷۔ اللہ کے سوا کسی کو سجدہ تعبدی کرنا کیسا ہے؟ ۸۔ اللہ کے سوا کسی کو سجدہ تعظیمی کرنا کیسا ہے؟ ۹۔ بدعت کسے کہتے ہیں ۱۰۔ امام کی دو قسمیں کون کونسی ہیں ۱۱۔ چار خلفاء راشدین کے نام لکھیں

۱۲۔ ولی کی تعریف لکھیں ۱۳۔ بچے کو نماز کس عمر میں سکھائی جائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ نمبر 3

تنظیم المدارس لأهل السنة باكستان

عامہ سال اول

الشهادة العامة فی العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | تیسرا پرچہ: صرف | کل نمبر: 100

نوٹ: ہر حصہ سے دو، دو سوال حل کریں

حصہ اول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میزان الصرف ومنشعب

سوال نمبر 1 (الف) افعال متصرفہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کی تعریف ومثال اور ماضی ومضارع بنانے کا طریقہ لکھیں (۱۰)

(ب) ماضی بعید وماضی استمراری کی تعریف اور بنانے کا طریقہ لکھیں (۵)

(ج) مطرد وشاذ کی تعریف لکھ کر ہر ایک کے ابواب تحریر کریں (۱۰)

سوال نمبر 2 (i) لَمْ، لَا، لَنْ کا لفظی ومعنوی عمل اور نونِ ثقیلہ وخفیفہ کا فرق لکھیں (۱۰)

(ii) كُذْتَ، يَكَادُ، مُقَلْسِ، اِسْلِنْقَاءٌ اور قَلْسَاةٌ کی تعلیل کریں (۵)

(iii) میزان الصرف کی روشنی میں فعل امر بنانے کا مکمل طریقہ مثالوں کے ساتھ لکھیں (۱۰)

سوال نمبر 3 (i) اسمائے مشتقہ کی تعریف وتعداد لکھ کر اسمِ فاعل واسم تفضیل بنانے کا طریقہ لکھیں (۱۰)

(ii) ملحق، ملحق بہ اور الحاق کی تعریف لکھتے ہوئے شرطِ الحاق لکھیں (۵)

(iii) ثلاثی مزید فیہ کی اقسام میں سے ہر قسم کے ابواب مع امثلہ لکھیں (۱۰)

حصہ دوم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صرف بہتر ال

سوال نمبر 4 (الف) درج ذیل اصطلاحات صرفیہ کی تعریف لکھیں اور مثالیں دیں (۱۲)

فعل معروف ، خماسی مجرد، میزان کلام عرب، مضاعف ثلاثی، لفیف مفروق، اسم مصدر

(ب) صرف بہتر ال کے مطابق درج ذیل صیغہائے صرفیہ کی بناء لکھیں (۱۳)

ضَرَبْنَ۔ تَضْرِبِيْنَ۔ ضُرَّابٌ۔ مَضَارِيْبُ۔ مِضْرَبٌ۔ اَضْرِبْ بِهٖ

سوال نمبر 5 درج ذیل قوانین صرفیہ کی صرف بہتر ال کے انداز میں شرائط عدمیہ ووجودیہ اور امثلۂ احترازیہ ومطابقیہ کے ساتھ اس طرح تشریح کریں کہ ہر شرط کا فائدہ ظاہر ہو جائے (۲۵)

(i) قانونِ الفِ مقصورہ وممدودہ۔ (ii) قانون قَالَ وَبَاعَ۔ (iii) قانون اِطَّلَمَ وَاِصَّبَرَ

سوال نمبر 6 مندرجہ ذیل قوانین کی عباراتِ فارسیّہ کو بغور پڑھیں پھر صرف بہتر ال کی روشنی میں انکی تشریح سپردِ قلم کریں۔ ہر قید کا فائدہ اور احترازی ومطابقی مثالیں دینا نہ بھولیں (۲۵)

۱۔ ہر مدہ زائدہ کہ واقع شود در اسم دوم جا بوقت بنا کردن جمع اقصیٰ وتصغیر آں را بواو مفتوحہ بدل کنند وجوبا۔

۲۔ ہر یاء ساکن مظہر کہ غیر واقع شود در مقابلہ فاء کلمہ در باب افتعال وما قبل او مضموم باشد آں یاء را بواو بدل کنند وجوبا۔

۳۔ ہر ہمزہ کہ واقع شود بعد الف مفاعل قبل یاء و در مفرد قبل یاء نبود آں ہمزہ را بیا مفتوحہ بدل کنند وجوبا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ نمبر ۴

تنظیم المدارس لأهل السنة باکستان

عامہ سال اول

الشھادۃ العامۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ (سال اول) الموافق سنۃ ۱۴۳۵ ھجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | چوتھا پرچہ: نحو | کل نمبر: 100

نوٹ: پہلا اور آخری سوال لازمی ہے باقی کوئی سے تین سوال حل کریں

سوال نمبر 1 علم نحو کی تعریف، موضوع اور غرض لکھ کر نحو میر کے فوائد لکھیں نیز بتائیں نحو میر پڑھنے سے پہلے کن امور کا جاننا ضروری ہے؟ (۱۰)

سوال نمبر 2 (الف) مرکب غیر مفید اور اسکی تمام قسموں کی تعریف لکھتے ہوئے اسم کی علامات لکھیں (۱۰)

(ب) درج ذیل الفاظ سے مفرد و مرکب اور انکی اقسام کی نشادہی کریں (۱۰)

قَلَمِیْ۔ ھٰذَا کِتَابٌ۔ مَدْرَسَةٌ۔ مَعْدِیْکَرِبُ۔ هَلْ۔ اُنْصُرْ۔ نَجاحٌ بَاهِرٌ۔ تِسْعَةَ عَشَرَ۔ رَاهُوَیْهِ۔ کَشَفَ

سوال نمبر 3 (الف) معرب و مبنی کی تعریف و حکم لکھنے کے بعد معرب و مبنی پہچاننے کا طریقہ تحریر کریں نیز کل معرب و مبنی علیحدہ علیحدہ گنوائیں (۱۰)

(ب) درج ذیل کلمات میں معرب و مبنی اور انکی اقسام پہچانیں (۱۰)

نِعْمَ۔ نِعَمٌ۔ نِعَمُ۔ اَسَاتِذَةٌ۔ إِفْتَحْ۔ أَفْتَحُ۔ غُلَامِیْ۔ نَحْنُ۔ عُمَرُ۔ ھٰذَانِ

سوال نمبر 4 (الف) معرفہ کی تعریف اور اقسام مع امثلہ لکھ کر علامات تانیث گنوائیں نیز مؤنث کی اقسام کی تعریف و مثال تحریر کریں (۱۰)

(ب) اسم میں عمل کرنے والے حروف کی کتنی اور کونسی قسمیں ہیں ہر قسم کے حروف اور انکا عمل مع مثال سپرد قلم کریں (۱۰)

سوال نمبر 5 (الف) فعل متعدی کی قسمیں اور افعال ناقصہ اور انکا عمل لکھ کر اسمائے عاملہ کی تعداد اور انکے فقط نام لکھیں (۱۰)

(ب) درج ذیل اصطلاحات نحویہ کی تعریف و مثال قلم بند کریں (۱۰)

صحیح ۔ تابع ۔ مستثنیٰ ۔ حروف ایجاب ۔ غیر منصرف

حصہ دوم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نظم مائۃ عامل

سوال نمبر 6 درج ذیل تین اجزاء میں سے کوئی دو حل کریں

(الف) عامل کی تعریف اور اقسام (لفظی، معنوی، سماعی اور قیاسی) کی تعریف لکھ کر ہر قسم کے عوامل کی تعداد لکھیں نیز نظم مائۃ عامل سے شعر کا حوالہ ضرور دیں (۱۵)

(ب) افعال ناقصہ، عوامل قیاسیہ اور اسمائے افعال کے متعلق جو اشعار نظم مائۃ عامل میں پڑھے ہیں وہ اشعار لکھ کر مختصر تشریح سپرد قلم کریں (۱۵)

(ج) درج ذیل اشعار نظم مائۃ عامل کی سیاق و سباق کی رو سے تشریح قلمبند کیجئے (۱۵)

۱۔ نوع اول ہفدہ حرفِ جر بود میداں یقین　　کاندریں یک بیت آمد جملہ بے چوں و چرا

۲۔ من و ما مھما وای حیثما اذ ما متی　　اینما انی نہ اسم جازم مندمر فعل را

۳۔ ناصب اسم منکر نوع ہشتم چار اسم　　ہست چوں تمیز باشد آں منکر ہر کجا

۴۔ رافع اسمائے جنس افعال مدح و ذم بود　　چار باشد نعم بئس ساء آنگہ حبّذا

۵۔ عامل فعل مضارع معنوی باشد بداں　　ہمچنیں معنی بود عامل یقین در مبتدا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ نمبر 6

تنظیم المدارس لأهل السنة پاکستان

عامہ سال اول

الشهادة العامة فی العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴ م

وقت: 3 گھنٹے | چھٹا پرچہ: مطالعہ پاکستان و جنرل سائنس | کل نمبر: 100

نوٹ: القسم الاول کا سوال نمبر 1 اور القسم الثانی کا سوال نمبر 5 لازمی ہے ان کے علاوہ دونوں اقسام سے کوئی سے دو، دو سوالات حل کریں

القسم الاول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 1 (الف) خالی جگہ پر کریں (۵)

(i) مسلم لیگ سن۔۔۔۔۔۔ میں قائم ہوئی۔ (ii) پاکستان کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے 1933 میں تجویز کیا۔ (iii) قائداعظم نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رپورٹ کے مقابلے میں چودہ نکات پیش کئے۔ (IV) شاہ ولی اللہ دہلوی نے قرآن کریم کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زبان میں ترجمہ کیا۔ (v) اسلام میں اقتدار اعلیٰ کا تصور دیگر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے بہت مختلف ہے۔

(ب) درج ذیل ہر بیان کی مجوزہ وجوہات میں سے صرف ایک وجہ درست ہے اسکی نشاندہی آگے درست لکھ کر کیجئے۔ (۵)

(i) دو قومی نظریہ کی بنیاد (i) مسلمانو کا علیحدہ معاشرتی تہذیبی مذہبی تشخص ہے (ii) ہندو مسلم دشمنی ہے (iii) مسلم لیگ کا قیام ہے

(ii) مسلم لیگ کے قیام کا مقصد (i) مسلمانوں اور حکومت کے تعلقات (ii) ہندوؤں سے خوشگوار تعلقات (iii) اسلام کی ترویج

(iii) قیام پاکستان کا مقصد (i) آزاد اسلامی ریاست (ii) آزاد جمہوریت کا قیام (iii) غیر مذہبی ریاست کا قیام

(iv) برصغیر میں مسلم زوال کے اسباب (i) نالائق و کمزور جانشین (ii) فوجی طاقت کی کمی (iii) یا دونوں (v) دوسری جنگ عظیم شروع ہوئی 1914 (i) ء 1930 (ii) ء 1939 (iii) ء

(ج) درج ذیل بیانات کے سامنے غلط اور صحیح کے الفاظ درج ہیں ان میں غلط کے سامنے غلط اور درست کے سامنے درست نشان لگائیں (۴)

(i) اسلام مساوات کا علمبردار ہے غلط، صحیح (ii) اسلام عوام کے اقتدار اعلیٰ کا قائل ہے غلط صحیح

(iii) حاجی شریعت اللہ اور تیتو میر کا تعلق بنگال سے نہیں تھا غلط، صحیح (iv) دین کا ستون اور مومن کی معراج روزہ ہے غلط صحیح

(د) مختصر جوابات تحریر کیجئے (۶) (i) قائداعظم کے چودہ نکات میں سے کوئی سے دو نکات تحریر کیجئے۔ (ii) اسلام میں اقتدار اعلیٰ کا کیا تصور ہے؟ (iii) محتسب کا ادارہ کیا کام کرتا ہے۔

سوال نمبر 2 برصغیر میں مسلم حکومت کے زوال کے اسباب تحریر کیجئے (۱۵)

سوال نمبر 3 1973 کے آئین میں ریاستی پالیسی کے رہنما اصول تحریر کیجئے (۱۵)

سوال نمبر 4 درج ذیل عنوانات کے تحت اسلامی طرز زندگی کی بنیادی خصوصیات کی وضاحت کریں (الف) عدل وانصاف (ب) مساوات (ج) اخوت

القسم الثانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جنرل سائنس سوال نمبر 5 خالی جگہ پر کریں (۵)

(i) کتاب المناظر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر پہلی کتاب ہے (ii) توانائی ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے حاصل کرتے ہیں

(iii) حفاظتی ٹیکوں سے بچوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت کم ہوگئی ہے (IV) سگریٹ نوشی سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے

(v) بائی پاس سرجری سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بیماری کا علاج کیا جاتا ہے

(ب) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں (۵)

(i) پروٹین کس شے میں پائی جاتی ہے (الف) رس دار پھل (ب) سبزیاں (ج) مچھلی (د) چینی

(ii) جبڑے کی ہڈی میں تبدیلی کس عمر میں آتی ہے (الف) 40 سال (ب) 50 سال (ج) 60 سال (د) 70 سال

(iii) علم کیمیا کا بانی کون تھا (الف) البیرونی (ب) الرازی (ج) ابن الہیثم (د) جابر بن حیان

(iv) کونسی بیماری وبائی ہے؟ (الف) نمونیا (ب) تپ دق (ج) پولیو (د) چیچک

(v) پاکستان میں دنیا کا کونسا سب سے بڑا نظام ہے (الف) دریائی (ب) نہری (ج) زرعی (د) صنعتی

(ج) کالم (الف) کے ہر اندراج کا تعلق کالم (ب) کے کس اندراج کے ساتھ ہے؟ درست جواب کالم (ج) میں لکھیں (۴)

کالم الف	کالم ب	کالم ج
۱۔ البیرونی	الف۔ القانون فی الطب	
۲۔ بوعلی سینا	ب۔ القانون السعودی فی الہیت النجوم	
۳۔ محمد بن ذکریا الرازی	ج۔ الحاوی	
۴۔ جابر بن حیان	د۔ سلفیورک ایسڈ	

(د) مختصر جوابات تحریر کریں (۶)

(i) متوازن غذا سے کیا مراد ہے اسکی اہمیت بیان کریں۔ (ii) چند وبائی امراض کے نام لکھئے نیز ایکس ریز کس لیے استعمال کی جاتی ہیں؟ (iii) پودوں اور ستاروں کے علم کو کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6 طب پر سائنس کے اثرات کا جائزہ لیجئے (۱۵) سوال نمبر 7 انسانی جسم کے لیے غذا کی اہمیت لکھئے (۱۵)

سوال نمبر 8 درج ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں (الف) وبائی امراض (ب) الٹرا ساؤنڈ (د) جدید ٹیکنالوجی کے مضر اثرات (۱۵)